ان کے غم والم کے بدلے میں ان پر خصوصی کرم بھی فرمائے - آمین -

---

ادھر سابق چیف سیکرٹری مغربی پاکستان و ریٹائرڈ وفاقی ڈپٹی سیکرٹری ڈیفنس شیخ اکرام الحق ۲۰، سال کی عمر میں حرکتِ قلب بند ہو جانے سے وفات پا کر ۱۲ ستمبر ۱۹۸۸ء کو میانی کے قبرستان میں سپردِ خاک کر دیئے گئے ۔ اِنَّا لِلّٰہِ وَ اِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ - مرحوم نے متعدد بڑے عہدوں پر رہ کر مختلف دائروں میں خدمات انجام دیں سیکرٹری دفاع بھی رہے - پاکستان سے بھی سچی محبت رکھتے تھے - وہ " بآں گروہ کہ از ساغرِ وفا مستند " سے تعلق رکھنے کی وجہ سے دیانت کیش اور خوش اخلاق تھے، شخصی طور پر جماعتِ اسلامی سے محبت رکھتے تھے - خدا ان پر رحمتیں نازل فرمائے -

ہم ان کے صاحبزادوں انیس الحق اور ڈاکٹر ندیم الحق اور مرحوم کی بیوہ اور صاحبزادیوں اور ان کے بھائیوں اور جملہ اہلِ خاندان و جمیع حلقۂ رفاقت کے سامنے اپنے صدمے کا اظہار کرتے ہیں اور سب کے لیے دُعا کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ صبر کی توفیق دے، نیکی اور خیرات کی توفیق دے اور اس صدمہ کی تلافی کے لیے سب پر خاص نوازشات فرمائے -

---

مولانا عبدالحی رکن مجلسِ شوریٰ جماعتِ اسلامی پاکستان و امیر جماعتِ اسلامی بن قاسم جو مولانا نثار اللہ ڈائریکٹر اسلامک سنٹر لندن کے بھائی تھے، انہی دنوں اجلاسِ شوریٰ سے فارغ ہو کر واپس گئے تھے اور بظاہر ٹھیک ٹھاک تھے، مگر ۲۲ ستمبر کو اچانک دل کا دورہ پڑا جو جان لیوا ثابت ہوا - اللہ تعالیٰ مرحوم پر صد ہا رحمتیں اور مغفرتیں نازل فرمائے اور ان کے اہلِ خانہ اور خاندان کے علاوہ ان سے محبت کرنے والے تحریکی رفقا کو بھی صبر اور سکینت اور عزیمت عطا کرے -

---